عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مائۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہ
سنی دار الاشاعت علویہ رضویہ
ڈجکوٹ روڈ
لائل پور

مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

الحمد للّٰه

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلحضرت مجدد مائۃ حاضرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اوّل و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا۔

الناشر سُنی دار الاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ ضلع لائلپور

قیمت ۲/۵۰

وتقریر [illegible] و بدعت و نصرت ملت فرمائیں۔ اگر ایسا نہ کریں سکوت و خاموشی سے کام
لیں تو کیا [illegible] کے مورد نہ ہوں گے جو فتاوی الحرمین میں مذکور ہے۔ قال الامام ابن حجر
المکی فی الصواعق المحرقة ان الحامل الداعی لی علی التالیف فی ذالک وان کنت قاصرا عن
حقائق ماهنالک ماخرجه الخطیب البغدادی فی الجامع وغیرہ انه صلی الله تعالی علیه وسلم قال اذا
ظهرت الفتن اوقال البدع وسب اصحابی فلیظهر العالم علمه فمن لم یفعل ذلک فعلیه
لعنة الله والملئکة والناس اجمعین لا یقبل الله منه صرفا ولا عدلا اھ امام ابن حجر مکی صواعق
محرقہ میں فرماتے ہیں واضح ہو کہ اس تالیف پر میرے لئے باعث و سبب اگرچہ میرا ہاتھ یہاں کے حقائق سے
کوتاہ ہے وہ حدیث ہوئی جو خطیب بغدادی نے جامع میں اور ان کے سوا اور محدثین نے روایت کی کہ
رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب فتنے یا فرمایا بدمذہبیاں ظاہر ہوں اور میرے صحابہ کو برا
کہا جائے تو واجب ہے عالم اپنا علم ظاہر کرے۔ جو ایسا نہ کرے گا اس پر اللہ اور فرشتوں اور آدمیوں سب
کی لعنت ہے اللہ تعالیٰ نہ اسکا فرض قبول فرمائے نہ نفل۔

(۵) جو شخص مسجد میں اگر اپنی زبان سے لوگوں کو ایذا دیتا ہو اس شخص کو مسجد سے نکلنے کا حکم ہے اس کے
نکالنے کے بارے میں درمختار کا یہ قول نص صریح ہے یا نہیں واکل نحو ثوم ویمنع منه وکذا
کل موذ ولو بلسانه یعنی مسجد میں داخل ہونے سے بدبودار چیزوں مثل کچا لہسن کھانے والے کو منع
کیا جائے اور اسی طرح ہر ایذا دینے والا اگرچہ زبان سے دیتا ہو دخول مسجد سے روکا جائے۔ ردالمحتار میں تحت
قول واکل نحو ثوم فرمایا ای کبصل ونحوہ مماله رائحة کریهة للحدیث الصحیح فی النهی عن
قربان اکل الثوم والبصل المسجد قال الامام العینی فی شرحه علی صحیح البخاری قلت علة النهی
اذی الملئکة واذی المسلمین یعنی جیسے پیاز وغیرہ ان چیزوں سے جن میں بدبو ہو یہ حکم موافق حدیث
صحیح ہے جو کچا لہسن اور پیاز کھانے والے کی ممانعت دخول مسجد میں ہے امام عینی نے اپنی شرح میں جو صحیح بخاری
پر لکھی ہے فرمایا میں کہتا ہوں دخول مسجد سے ممانعت کا ایذائے ملائکہ و ایذائے مسلمانان ہے۔ والحمد للہ
رب العلمین وافضل الصلوٰۃ واکمل التسلیمات علی اشرف الانبیاء والمرسلین وعلی آله وصحبه
ومن تبعهم اجمعین۔

فقیر محمد ضیاء الدین المکنی بابی المساکین۔